| | |
|---|---|
| | **جامع نفسیاتی ایمرجنسی پروگرام (CPEP) میں رضاکارانہ داخلے کی درخواست** |

**I. رضاکارانہ داخلے کے تقاضے**

**A. درخواست**

CPEP میں رضاکارانہ بنیاد پر داخلے کے لیے، 18 سال سے زائد عمر کے فرد، یا ایسے فرد جس کی عمر 18 سال سے کم ہو اور جسے ذہنی حفظانِ صحت کے قانون کی دفعہ 33.21 کے تحت نابالغ تصور نہ کیا جاتا ہو، کے لیے داخلے کے حوالے سے رضاکارانہ طور پر تحریری درخواست دینا لازمی ہے۔ اگر فرد کی عمر 18 سال سے کم ہو، تو داخلے کے لیے تحریری درخواست لازمی طور پر درج ذیل میں سے کسی ایک کی جانب سے دی جائے گی:

- والد/والدہ، قانونی سرپرست، یا قریبی رشتہ دار؛
- سوشل سروسز کے قانون کے مطابق فرد کی نگہداشت اور تحویل رکھنے والا سوشل سروسز کا اہلکار یا مجاز ایجنسی، بشرطیکہ یہ کسی عدالتی حکم یا سوشل سروسز کے قانون کی دفعہ 384-a کے تحت نافذ کردہ کسی دستاویز کی شرائط کے تابع ہو؛
- ریاستِ نیو یارک کے بچوں اور خاندان کے دفتر (New York State Office of Children and Family Services) (OCFS) کا ڈائریکٹر، جو ایگزیکٹو قانون کی دفعہ 509 کے مطابق عمل کرے؛
- ایسا فرد یا کسی ادارے کا مجاز نمائندہ جس کے پاس عائلی عدالت کے ایکٹ کی دفعہ 756 یا دفعہ 1055 کے تحت فرد کی تحویل ہو۔

اگر کسی فرد کو MHL 33.21 کے مطابق نابالغ تصور کیا جاتا ہو، تو CPEP کا ڈائریکٹر اپنی صوابدید پر مذکورہ فرد کو یا تو اس کی اپنی درخواست پر رضاکارانہ مریض کے طور پر داخل کر سکتا ہے یا ان افراد میں سے کسی کی درخواست پر داخل کر سکتا ہے جو داخلے کی درخواست دینے کے مجاز ہیں۔ سرپرست کی رضامندی کے بغیر CPEP میں نگہداشت کے لیے پیش ہونے والے نابالغ افراد کے لیے معیارات ذیل میں B میں بیان کیے گئے ہیں۔ کسی EOB میں نگہداشت کے لیے پیش ہونے والے نابالغ افراد کے لیے معیارات حصہ C میں بیان کیے گئے ہیں۔

فراہم کنندہ کی صحت کے الیکٹرانک ریکارڈ کے ذریعے سے اور الیکٹرانک دستخط اور ریکارڈز کے ایکٹ کے مطابق، اس فارم کو الیکٹرانک طریقے سے مکمل کر کے اس پر دستخط کیے جا سکتے ہیں۔ فراہم کنندگان کو لازمی طور پر یقینی بنانا ہو گا کہ یہ فارمز پرنٹ کیے جا سکیں اور/یا مریض، مریض کے قانونی سرپرست، اور/یا ذہنی حفظان صحت کی قانونی سروسز، اور دیگر مطلوبہ وصول کنندگان کو منظور شدہ فارمیٹ میں ڈیلیور کیے جا سکیں۔

**B. سرپرست کی رضامندی کے بغیر نگہداشت کے حوالے سے پیش ہونے والے نابالغ افراد کے لیے معیارات**

**فارم OMH 476A حصہ A:** کوئی نابالغ فرد بیرونی مریض کے کسی ایسے پروگرام میں والدین کی رضامندی کے بغیر CPEP میں معائنے سمیت بیرونی مریضوں کے لیے ذہنی صحت کی سروسز حاصل کر سکتا ہے، جو کمشنر برائے ذہنی صحت کے ضوابط اور MHL 33.21 کے تحت لائسنس یافتہ یا اس کے زیر انتظام ہو۔

OMH سے لائسنس یافتہ یا زیرِ انتظام پروگرام میں خدمات انجام دینے والا ذہنی صحت کا معالج والدین کی رضامندی کے بغیر نابالغ فرد کو بیرونی مریض کے لیے ذہنی صحت کی سروسز فراہم کر سکتا ہے، اگر:

- نابالغ فرد شعوری طور پر اور رضاکارانہ طور پر ایسی سروسز طلب کرے، اور
- یہ سروسز طبی طور پر موزوں اور نابالغ فرد کی فلاح و بہبود کے لیے ضروری ہوں، اور
  - والد/والدہ یا سرپرست معقول طور پر دستیاب نہ ہوں۔ والد/والدہ یا سرپرست کو اس صورت میں معقول طور پر دستیاب تصور کیا جائے گا کہ اگر سنجیدہ کوششوں کے ذریعے ان سے رابطہ ممکن ہو۔ یا
  - والدین یا سرپرست کی رضامندی یا شمولیت کا تقاضا بیرونی مریض کے علاج کے عمل پر منفی اثر کا باعث بنے، یا
  - والد/والدہ یا سرپرست نے ایسی رضامندی دینے سے انکار کر دیا ہو، اور معالج یہ فیصلہ کرے کہ علاج ضروری ہے اور نابالغ فرد کے بہترین مفادات میں ہے (ان صورتوں میں معالج کے لیے فیصلہ کرنا لازمی ہوتا ہے، جہاں رضامندی سے انکار کر دیا جائے)۔

**فارم OMH 476A حصہ C:** 16 سال یا اس سے زائد عمر کا نابالغ فرد والدین کی رضامندی کے بغیر CPEP کے ایکسٹینڈڈ آبزرویشن بیڈز سمیت اندرونی مریض کے نفسیاتی علاج کے لیے داخلے کی درخواست دے سکتا ہے، بشرطیکہ نابالغ فرد رضاکارانہ طور پر علاج کا خواہاں ہو اور ادارے کا ڈائریکٹر اس سے متفق ہو۔

MHL 33.21 (e) کے تحت، 16 سال یا اس سے زائد عمر کا نابالغ فرد جو رضاکارانہ حیثیت کے حامل نابالغ فرد کے تحت ہسپتال میں داخل ہو، وہ درج ذیل شرائط پوری ہونے کی صورت میں والد/والدہ یا سرپرست کی رضامندی یا عدالتی حکم کے بغیر نفسیاتی ادویات کے استعمال پر رضامندی کا اظہار کر سکتا ہے:

- والد/والدہ یا سرپرست معقول طور پر دستیاب نہ ہوں (والد/والدہ یا سرپرست کو اس صورت میں معقول طور پر دستیاب تصور کیا جائے گا کہ اگر سنجیدہ کوششوں سے ان سے رابطہ کیا جا سکے)، بشرطیکہ معالج اس بات کا تعین کرے کہ نابالغ فرد میں فیصلہ کرنے کی صلاحیت موجود تھی **اور** ادویات نابالغ فرد کے بہترین مفاد میں ہیں، یا
- والد/والدہ یا سرپرست کی رضامندی کا تقاضا نابالغ فرد پر منفی اثر کا باعث بنے گا، بشرطیکہ علاج کرنے والا معالج اور نفسیات میں ماہر کوئی دوسرا معالج، جو ہسپتال کا ملازم نہ ہو، اس بات کا تعین کرے کہ (A) ایسا منفی اثر واقع ہو گا؛ اور (B) نابالغ فرد میں رضامندی دینے کی صلاحیت موجود ہے؛ اور (C) یہ ادویات نابالغ فرد کے بہترین مفاد میں ہیں۔ یا
- والد/والدہ یا سرپرست نے ایسی رضامندی دینے سے انکار کر دیا ہو، بشرطیکہ علاج کرنے والا معالج اور نفسیات میں ماہر کوئی دوسرا معالج، جو ہسپتال کا ملازم نہ ہو، اس بات کا تعین کرے کہ (A) نابالغ فرد میں رضامندی دینے کی صلاحیت موجود ہے؛ اور (B) یہ ادویات نابالغ فرد کے بہترین مفادات میں ہیں۔ اس ذیلی پیراگراف کے مطابق نفسیاتی ادویات دینے کے فیصلے کا نوٹس والد/والدہ یا سرپرست کو فراہم کیا جائے گا۔

استثنا کی وجوہات نابالغ فرد کے کلینیکل چارٹ میں مکمل طور پر درج کی جائیں گی۔

**C. داخلے کی موزونیت**

کسی فرد کو رضاکارانہ بنیاد پر داخل کرنے کے لیے CPEP کے ڈائریکٹر کو لازمی طور پر یہ اطمینان کرنا ہو گا کہ اس فرد کو ایسی ذہنی بیماری لاحق ہے جس کے لیے ذہنی ہسپتال میں نگہداشت اور علاج موزوں ہے اور یہ کہ وہ فرد رضاکارانہ داخلے کے لیے موزوں ہے، جیسا کہ ذیل میں حصہ D میں بیان کیا گیا ہے۔

**D. داخلے کے لیے موزونیت**

کسی فرد کے CPEP میں رضاکارانہ داخلے کے حوالے سے موزوں قرار پانے کے لیے لازمی ہے کہ انہیں درج ذیل امور سے آگاہ کیا جائے اور وہ انہیں سمجھنے کی صلاحیت رکھتے ہوں:

- کہ وہ CPEP میں داخلے کے لیے درخواست دے رہے ہیں۔
- رضاکارانہ حیثیت کی نوعیت اور وہ دفعات جو رضاکارانہ یا غیر رضاکارانہ بنیادوں پر کسی دوسرے پروگرام میں ریلیز یا منتقلی کو منظم کرتی ہیں۔

**II. رضاکارانہ حیثیت کی عمومی دفعات**

رضاکارانہ حیثیت کے حامل مریضوں کو داخلے کے وقت ان کی حیثیت اور حقوق سے متعلق لازمی طور پر تحریری نوٹس دیا جائے گا۔ اس اطلاع کے وقت، رضاکارانہ مریض کے طور پر اپنے قیام کو برقرار رکھنے کے لیے مریض کی تحریری رضامندی حاصل کی جائے گی اور ایسی رضامندی کی ایک نقل محفوظ رکھی جائے گی۔

**III. ذہنی حفظان صحت کی قانونی سروسز کو 18 سال سے کم عمر مریضوں کے داخلے، ایک قانونی حیثیت سے دوسری میں تبدیلی، اور منتقلی یا ریلیز کے متعلق اطلاع**

جب 18 سال سے کم عمر کسی فرد کو کسی بھی ہسپتال میں داخل کیا جائے یا اس کے داخلے کی قانونی حیثیت ایک سے دوسری میں تبدیل کی جائے، تو ذہنی حفظان صحت کی قانونی سروس کو داخلے یا تبدیلی کے تین دن کے اندر اطلاع دی جائے گی۔ اس اطلاع میں فرد کی عمر اور داخلے کی حیثیت کی وضاحت کی جائے گی۔

18 سال سے کم عمر کے رضاکارانہ مریض کو ان کی ذاتی درخواست پر ان کی پیشگی اجازت کے بغیر منتقل نہیں کیا جائے گا، الا یہ کہ ذہنی حفظان صحت کی قانونی سروس کو مجوزہ منتقلی کے متعلق تین دن قبل تحریری اطلاع دے دی جائے اور سروس کو مریض کا معائنہ کرنے اور مجوزہ منتقلی کا جائزہ لینے کا موقع فراہم کیا جائے۔

کسی دوسرے فرد کی درخواست پر داخل کیے جانے والے 18 سال سے کم عمر کسی بھی رضاکارانہ مریض کو، مریض اور اس کے والد/والدہ یا قانونی سرپرست کی پیشگی رضامندی کے بغیر منتقل نہیں کیا جائے گا، الا یہ کہ ذہنی حفظان صحت کی قانونی سروس کو مجوزہ منتقلی کے متعلق تین دن قبل تحریری اطلاع دے دی جائے اور سروس کو مریض کا معائنہ کرنے اور مجوزہ منتقلی کا جائزہ لینے کا موقع فراہم کیا جائے۔

ذہنی حفظان صحت کی قانونی سروس کو 18 سال سے کم عمر کسی بھی مریض کی ریلیز یا منتقلی کے متعلق فوری تحریری نوٹس دیا جائے گا۔

**IV. عمومی معلومات**

**A. ذہنی حفظان صحت کی قانونی سروس**

ذہنی حفظان صحت کی قانونی سروس، ریاستِ نیویارک کی عدالتی انتظامیہ کے دفتر کا ایک ادارہ ہے جو نفسیاتی مراکز میں داخل تمام مریضوں کو حفاظتی قانونی سروسز، مشورہ اور معاونت، نیز قانونی نمائندگی کی سہولت فراہم کرتا ہے۔ مریضوں کو اس بات کا حق حاصل ہے کہ انہیں ہسپتال میں داخلے اور علاج سے متعلق ان کے حقوق سے آگاہ کیا جائے، اور انہیں عدالتی سماعت کا حق، وکیل کے ذریعے نمائندگی کا حق، اور خود مختار طبی رائے حاصل کرنے کا حق حاصل ہے۔

کئی نفسیاتی ہسپتالوں میں ذہنی حفظان صحت کی قانونی سروس کا دفتر موجود ہوتا ہے۔ جہاں ہسپتال میں دفتر موجود نہ ہو، وہاں سروس کا کوئی نمائندہ باقاعدگی کے ساتھ اور کثرت سے دورے کرتا ہے۔ کوئی بھی مریض یا اس مرد یا عورت مریض کے نام پر کوئی فرد سروس کے دفتر کو براہ راست فون کر کے یا خط لکھ کر سروس کے نمائندے سے ملاقات یا رابطہ کر سکتا ہے، یا مریض کے وارڈ کے عملے کے کسی شخص سے درخواست کر سکتا ہے کہ وہ اس مرد یا عورت مریض کے لیے اس حوالے سے انتظامات کریں۔ اس ہسپتال کے لیے ذہنی حفظان صحت کی قانونی سروس کے نمائندے سے درج ذیل پر رابطہ کیا جا سکتا ہے

__________________________________________________________

**B. باز ادائیگی**

مریض قانونی طور پر نگہداشت کے اخراجات کی ادائیگی کا ذمہ دار ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ مریض کے شریکِ حیات اور بعض صورتوں میں 21 سال سے کم عمر مریض کے والدین بھی ذمہ دار ہوتے ہیں۔ اسی طرح کمیٹی، سرپرست، یا مریض کی کفالت کے لیے قائم کردہ ٹرسٹ فنڈ کے ٹرسٹی، یا مریض کے فنڈز کے کسی بھی امین یا وصول کنندہ پر بھی قانونی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ ادائیگی کی استطاعت نہ ہونے کی صورت میں اخراجات معاف یا ان میں کمی کی جا سکتی ہے۔ جو شخص بھی اخراجات کی معافی یا کمی کے لیے درخواست دے، اسے ادائیگی کی استطاعت کے تعین کے سلسلے میں مالی تحقیقات میں لازمی طور پر تعاون کرنا ہو گا۔

| جامع نفسیاتی ایمرجنسی پروگرام (CPEP) میں رضاکارانہ داخلے کی درخواست | نام (پہلا، آخری، .M.I)<br>________________<br>صنف ____ دیگر تاریخ پیدائش<br>MRN ____ ________<br>مقام/مرکز ____________ |
|---|---|

**حصہ A – CPEP میں رضاکارانہ داخلے کی درخواست**

حصہ A پر دستخط اس 18 سال یا اس سے زائد عمر کے فرد کے ہوں گے جو CPEP کی رضاکارانہ حیثیت کے لیے درخواست دے رہا ہو، یا 18 سال سے کم عمر فرد کے قانونی سرپرست کے، یا 18 سال سے زائد عمر کے حامل فرد کے عدالت کی جانب سے مقرر کردہ سرپرست کے، یا کسی ایسے نابالغ فرد کے جو سرپرست کی رضامندی کے بغیر نگہداشت حاصل کرنے کے معیارات پر پورا اترتا ہو۔

**داخلہ**

مجھے CPEP کی رضاکارانہ حیثیت کی نوعیت سے آگاہ کیا گیا ہے اور میں اسے سمجھتا/سمجھتی ہوں

☐ میں، ________________، داخلے کے لیے درخواست دیتا/دیتی ہوں
(نام)

☐ میں، ____________، اپنے زیر نگہداشت فرد ____________، کے لیے داخلے کی درخواست دیتا/دیتی ہوں۔
(سرپرست کا نام) (نام)

بنام ________________________، جو ایک CPEP ہے۔
(CPEP کا نام)

اپنے لیے یا میرے زیر نگہداشت فرد کے لیے داخلے کی درخواست دینے کی میری وجوہات:

| فرد یا ان کے قانونی سرپرست کے دستخط | تاریخ | وقت (AM/PM) |
|---|---|---|
| | | |

**حصہ B** – معالج کی تصدیق

میں نے داخلے سے قبل مذکورہ بالا نامزد مریض کا معائنہ کر لیا ہے اور تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ:

- مریض کو ایسی ذہنی بیماری لاحق ہے جس کے لیے CPEP میں نگہداشت اور علاج موزوں ہے؛
- یہ کہ مریض CPEP کی رضاکارانہ حیثیت کے لیے موزوں ہے؛ اور
- یہ کہ CPEP میں فراہم کی جانے والی نگہداشت اور علاج سے معقول طور پر توقع کی جا سکتی ہے کہ مریض کی حالت میں بہتری آئے گی یا کم از کم اس کی حالت مزید بگڑنے سے روکی جا سکے گی۔
- ایسے نابالغ فرد کی صورت میں جو اپنے والد/والدہ یا سرپرست سے علیحدہ حیثیت میں داخلے کی درخواست دے رہا ہو اور والد/والدہ یا سرپرست نے رضامندی دینے سے انکار کیا ہو: یہ کہ علاج ضروری ہے اور نابالغ فرد کے بہترین مفادات میں ہے۔

| معالج کے دستخط | تاریخ | وقت (AM/PM) |
|---|---|---|
| | | |

| | |
|---|---|
| **جامع نفسیاتی ایمرجنسی پروگرام (CPEP) میں رضاکارانہ داخلے کی درخواست** | **نام (پہلا، آخری، .M.I)**<br>______________<br>**صنف** ____ دیگر **تاریخ پیدائش**<br>**MRN** ______ ______<br>**مقام/مرکز** ______________ |

**حصہ C – ایکسٹینڈڈ آبزرویشن بیڈ (EOB) میں 24 گھنٹوں سے زائد کے رضاکارانہ داخلے کی ضرورت کی تصدیق کے لیے معائنہ**

**ہدایات:** یہ حصہ داخلہ دینے والے معالج کے علاوہ کسی اور ایسے معالج کی جانب سے مکمل کیا جائے گا، جو مریض کے CPEP ایمرجنسی روم میں لائے جانے کے بعد 24 گھنٹوں کے اندر نفسیاتی عملے کا رکن ہو۔ اگر CPEP کے EOB میں رضاکارانہ حیثیت پر داخلے کے لیے درخواست دینے والے فرد کی عمر 16 یا 17 سال ہو اور وہ سرپرست کی رضامندی کے بغیر علاج کے لیے پیش ہو، تو یہ یقینی بنایا جائے کہ اوپر بیان کردہ سیکشن I.B میں درج معیارات پورے کیے گئے ہیں۔

براہ کرم نوٹ کریں: کسی بھی مریض کو ایکسٹینڈڈ آبزرویشن بیڈ میں منتقل کیے بغیر 24 گھنٹوں سے زیادہ CPEP میں رکھا نہیں جا سکتا۔

| فرد یا ان کے قانونی سرپرست کے دستخط | تاریخ | وقت (AM/PM) |
|---|---|---|
| | | |

میں نے ذاتی طور پر ______________ کا معائنہ اور جانچ کی ہے
(نام)

اس جانچ اور کیس کی ہسٹری کی بنیاد پر، میں یہ تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ مریض کو ایسی ذہنی بیماری ہو سکتی ہے جس کے لیے CPEP کے ایکسٹینڈڈ آبزرویشن بیڈ میں فوری نگہداشت اور علاج کرنا مناسب ہے، اور یہاں درج حقائق اور معلومات میرے بہترین علم اور یقین کے مطابق درست ہیں۔

میں ______________ کے نفسیاتی عملے کا رکن ہوں
(CPEP کا نام)

| ماہر نفسیات کے دستخط | تاریخ | وقت (AM/PM) |
|---|---|---|
| | | |